# Masnoon Duas

| | |
|---|---|
| 31 | اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَ إِسْرَافِیْ فِیْ أَمْرِیْ وَمَآ أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ هَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ . (بخاری)<br>اے اللہ! میری خطا، میری نادانی میرے کام میں میری زیادتی اور (وہ گناہ) جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے (ان سب کو) بخش دے۔ اے اللہ! مجھ کو ہنسی (مذاق) میں کئے ہوئے میرے گناہ اور قصداً کئے ہوئے اور بھول کر کئے ہوئے اور جان کر کئے ہوئے (سب) بخش دے اور یہ سب عیب میرے اندر ہیں۔ |
| 32 | اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ. (ابن ماجہ)<br>اے میرے اللہ! بے شک میں تجھ سے تمام بھلائیاں جلد ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) جن کو میں جانتا ہوں اس میں سے اور جن کو میں نہیں جانتا (سب) مانگتا ہوں اور جلد ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں خواہ میں ان کو جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔ |
| 33 | اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَ أَعُوْذُبِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَ أَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا، وَ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (بخاری)<br>اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے، بزدلی سے، اس سے کہ میں ناکارہ عمر کی طرف لوٹایا جاؤں اور دنیا کی آزمائش سے اور تیرے عذاب سے۔ |

| | |
|---|---|
| 34 | اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَ عَمَلِیْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكَذِبِ وعَيْنِیْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرِ. (بیہقی)<br>اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے عمل کو ریا و نمود سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک کر دے اور بے شک تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کی چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے۔ |
| 35 | اللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَ أَعُوذُبِكَ مِنْكَ، لَا أُحْصِی ثَنَاءً عَلَيْكَ، أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ (مسلم)<br>اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری رضامندی کی تیرے غصے سے اور تیری بخشش کی تیرے عذاب سے اور میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ مجھ میں تیری تعریف کرنے کی طاقت نہیں تو ایسا ہی ہے جیسی تو نے خود اپنی تعریف کی۔ |
| 36 | اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی مَا قَدَّمْتُ وَ مَا أَخَّرْتُ، وَ مَا أَسْرَرْتُ وَ مَا أَعْلَنْتُ، وَ مَا أَسْرَفْتُ، وَ مَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّی، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ أَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ (مسلم)<br>اے اللہ بخش دے جو میں نے آگے کیا اور جو میں نے پیچھے کیا اور جو میں نے چھپایا اور جو ظاہر کیا اور جو حد سے زیادہ کیا اور جو تو جانتا ہے مجھ سے بڑھ کر۔ تو سب سے پہلے تھا اور سب کے بعد رہے گا تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ |

| | |
|---|---|
| 37 | اَللّٰهُمَّ إِنِّیٓ أَسْئَلُکَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّ أَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّ أَسْئَلُکَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ قَضَيْتَهُ لِیْ خَيْرًا . (حاکم)<br>اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جنت اور ہر وہ بات یا عمل جو جنت کے قریب کر دے مانگتا ہوں اور دوزخ سے، ہر اس بات یا عمل سے جو دوزخ کے قریب کرے اس سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے ہر اُس فیصلے کا سوال کرتا ہوں جو تقدیر کو میرے حق میں بہتر بنا دے۔ |
| 38 | اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِیْ حُبُّهُ عِنْدَکَ، اَللّٰهُمَّ مَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِيْمَا تُحِبُّ، اَللّٰهُمَّ مَا زَوَيْتَ عَنِّیْ مِمَّآ أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِيْمَا تُحِبُّ . (ترمذی)<br>اے اللہ! مجھ کو اپنی محبت عطا کر اور اس شخص کی محبت دے جس کی محبت مجھے تیرے نزدیک ہونے میں فائدہ دے۔ اے اللہ! جو تو نے مجھے عطا کیا ہے جس سے میں محبت کرتا ہوں تو اس کو میرے ان کاموں کے لیے قوت کا سبب بنا دے جن سے تو محبت رکھتا ہے۔ اے اللہ! جو تو نے مجھ سے لے لیا ہے جس سے میں محبت کرتا ہوں تو اس کو میرے ان کاموں کے لیے فراغت کا باعث بنا جس سے تو محبت کرتا ہے۔ |
| 39 | اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ أَحَبَّ الْأَشْيَآءِ إِلَیَّ وَاجْعَلْ خَشْيَتَکَ أَخْوَفَ الْأَشْيَآءِ عِنْدِیْ وَاقْطَعْ عَنِّیْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ إِلٰی لِقَآئِکَ وَ إِذَا أَقْرَرْتَ أَعْيُنَ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَأَقْرِرْ عَيْنِیْ مِنْ عِبَادَتِکَ .<br>اے اللہ! اپنی محبت میرے دل میں ہر چیز کی محبت سے بڑھا دے اور اپنا خوف ہر چیز کے خوف سے زیادہ کر دے اور دنیا کی ہر طلب پر اپنی ملاقات کا شوق غالب کر دے۔ اور جب دنیا والوں کو تو انکی دنیا سے ٹھنڈک اور لذت دے تو میری آنکھوں کی لذت اور ٹھنڈک اپنی بندگی میں رکھ دے۔ |

| | |
|---|---|
| 40 | اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ<br>وَالْکَسَلِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ<br>الدَّیْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ. (مشکوۃ)<br>اے اللہ! میں ہر فکر اور غم سے، عاجزی اور سستی اور بزدلی اور بخل سے قرض کے غالب آجانے سے<br>اور لوگوں کے مسلط ہو جانے سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔ |